Urdu - April

خود بھی بحفاظت
گھر پہنچیں

WHS سے متعلق حقوق اور فرائض

کیا آپ کھانے کی ڈیلیوری کرتے ہیں؟

آسٹریلیا میں فوڈ ڈیلیوری **ورکر** کے طور پر آپ کو محفوظ رہنے اور کام پر محفوظ محسوس کرنے کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ ڈیلیوری سروسز فراہم کرنے والے کسی پلیٹ فارم (ایپ) یا کسی فوڈ آؤٹ لیٹ (ریسٹورنٹ/دکان) کے لیے کام کرتے ہیں تو آپ **ورکر** ہیں۔

ورکرز میں کاروبار کے ملازمین بھی اور کانٹریکٹرز (سیلف ایمپلائڈ) بھی شامل ہو سکتے ہیں۔

پلیٹ فارمز (ایپ کے ذریعے) اور فوڈ آؤٹ لیٹس (ریسٹورنٹس/دکانوں) کو ورکرز کی صحت اور حفاظت کا خیال رکھنا ہو گا۔ اس کا مطلب ہے کہ پلیٹ فارم اور آؤٹ لیٹ کو ایسے اندیشوں اور خطرات (خطرناک صورتحال) کو قابو میں رکھنا ہو گا جن سے آپ کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور اسے آپ کو اور دوسرے ورکرز کو محفوظ رکھنے کے لیے ہر ممکن کام کرنا ہو گا۔

ورکر کی حیثیت سے آپ کو یہ درخواست کرنے کا حق حاصل ہے کہ صحت اور حفاظت کا نمائندہ (health and safety representative, HSR) چنا جائے جو کام پر صحت اور حفاظت کے معاملات میں آپ کی نمائندگی کرے۔ فوڈ آؤٹ لیٹ یا پلیٹ فارم سے بات کر کے مزید معلومات لیں یا اپنے ورک ہیلتھ اینڈ سیفٹی ریگولیٹر سے رہنمائی طلب کریں۔

ورکر کی حیثیت سے آپ پر بھی خود اپنی حفاظت اور اپنے گرد دوسرے لوگوں کی حفاظت کی ذمہ داری ہے۔

فوڈ ڈیلیوری ورکر کی حیثیت سے آپ حقوق بھی رکھتے ہیں اور ذمہ داریاں بھی کیونکہ آپ **ورکر ہونے کے ساتھ ساتھ کانٹریکٹر (سیلف ایمپلائڈ) بھی** ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ خود اپنا فوڈ ڈیلیوری کا کاروبار چلاتے ہیں تو آپ **سیلف ایمپلائڈ** ہیں۔

اگر آپ کانٹریکٹر (سیلف ایمپلائڈ) اور ورکر ہیں تو پلیٹ فارم اور فوڈ آؤٹ لیٹ کام کے دوران آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے ذمہ دار ہیں لیکن آپ بھی خود کو اور اپنے گرد دوسرے لوگوں جیسے پیدل چلنے والوں کو محفوظ رکھنے کی ذمہ داری میں شریک ہیں۔ یہ اہم ہے کہ آپ، پلیٹ فارم اور فوڈ آؤٹ لیٹ صحت اور حفاظت کے متعلق ایک دوسرے سے بات کریں۔ اس سے آپ کو یہ سمجھنے میں مدد ملے گی کہ ڈیلیوری ورکرز کو کس قسم کے خطرات کا سامنا ہوتا ہے، صحت اور حفاظت کے لیے خطرات کو کیسے سنبھالا جائے گا، کس قسم کے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے اور ہر خطرے کو سنبھالنے کے لیے کون سب سے بہتر پوزیشن میں ہے۔

آپ کام پر صحت اور حفاظت کے حوالے سے تشویش ہونے پر اپنی سٹیٹ یا ٹیریٹری میں WHS ریگولیٹر سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

یہ مواد کام پر صحت اور حفاظت کے متعلق عمومی آگہی بہتر بنانے کے مقصد سے فراہم کیا گیا ہے اور یہ قانونی مشورے کے طور پر پیش نہیں کیا جا رہا ہے اور نہ ہی یہ آپ کی سٹیٹ یا ٹیریٹری میں کام پر صحت اور حفاظت کے قوانین کے تقاضوں کی جگہ لیتا ہے۔

safe work australia

سب سے قیمتی پیکیج آپ ہیں، یہاں کام پر محفوظ رہنے کے متعلق معلومات حاصل کریں:

SWA.GOV.AU/DELIVERSAFELY